# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/RBW/05 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | تحصیل | **شعبہ**(Department) | رابطہ برائے وکلاء |
| **منصب**(Designation) | تحصیل ذمہ دار | **جوابدہ**(Report to) | ڈسٹرکٹ ذمہ دار |
| **کام**(Function) | سپریم کورٹس اور بارز، ہائی کورٹس اور بارز، سیشن کورٹس اور بارز اور دیگر کورٹس اور بارز وغیرہ سے منسلک شخصیات کو نیکی کی دعوت دینا اور دعوت اسلامی سے وابستہ کرنا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | - |

## منصب کے کام - Job Description

1. تحصیل سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا اور اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشوروں میں تیاری کے ساتھ اول تا آخر شرکت اور طے پانے والے مدنی پھولوں کے اہداف مکمل کرنے کی کوشش کرنا۔
4. سپریم و ہائی کورٹس و بارز اور دیگر کورٹس و بارز سے وابستہ وکلاء و ججز سے وقتاً فوقتاً ملاقات کرکے نیکی کی دعوت پیش کرنا۔
5. وکلاء و ججز کے دفاتر میں مدنی حلقے لگا کر ایونٹس کے اجتماعات میں شرکت کی دعوت دینا اور رابطے برقرار رکھنا۔
6. اسلامی ایونٹس پر بارز وغیرہ میں اجتماعات کروانا۔
7. شعبے کی شخصیات کو دعوتِ اسلامی کے مدنی مراکز، جامعات المدینہ، مدارس المدینہ، دارالمدینہ اور دارالافتاء اہلسنّت وغیرہ کا وزٹ کروانا۔
8. وکلاء، ججز اور کورٹ اسٹاف کو ہفتہ وار اجتماع، مدنی مذاکرہ اور ایونٹس کے بیانات مدنی چینل پر دیکھنے کی ترغیب دینا۔
9. سالانہ عدالتی تعطیلات کے دوران وکلاء ذمہ داران کے ذریعے ججز، وکلاء اور کورٹ اسٹاف کو قافلوں میں سفر کروانے کی کوشش کرنا۔
10. کورٹس اور بارز میں مکتبۃ المدینہ کے بک فیسٹول لگوانا۔
11. شعبے کی شخصیات کے ہاں فوتگی یا اسلامی ایونٹس میں شرکت کرنا۔
12. تنظیمی معلومات سے اپڈیٹ رہتے ہوئے شعبے کے SOP's اور اپنی JD کا مطالعہ کرنا۔
13. تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا، طے شدہ کارکردگیاں درست اور بروقت متعلقہ نگران کو پیش کرنا۔
14. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا، بروقت رپلائی کرنا نیز نگران تحصیل مشاورت سے مربوط رہ کر دینی کام کرنا۔
15. منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا۔
16. نگران کے ذریعے شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: انٹر میڈیٹ — **دینی تعلیم**: 12 دینی کام، اصلاح اعمال، فیضان نماز کورسز کیے ہوں
- شعبے میں کم از کم 1 سے 3 سال کا تجربہ
- Public Speaking Skills, Communication Skill, Adaptability, Conceptual Skills, Relationship Building

## اپنی دنیا و آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں۔
- قانون سے وابستہ افراد اور ان کے بچوں کو فیضان آن لائن اکیڈمی، جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخل کروانا۔

- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں نیز وکلاء کے واٹس ایپ گروپس میں کتب و رسائل سینڈ کرنا۔